Ministry of Labour

ملازمت کے معیارات سے متعلق قانون 2000 (Employment Standards Act, 2000) کے تحت آپ کے حقوق

اعلان دستبرداری: یہ وسیلہ ملازمت کے معیارات سے متعلق قانون 2000 (ای ایس اے) (Employment Standards Act, 2000) (ESA) اور ضوابط کے تحت مقرر کردہ بعض کم از کم حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے میں ملازمین اور آجرین کی مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اس کا مقصد ای ایس اے (ESA) یا ضوابط کی جگہ لینا نہیں ہے اور حوالہ ہمیشہ قانون کے باضابطہ ورژن کا ہی دیا جانا چاہیے۔ یوں تو ہم یہ یقینی بنانے کی پوری کوشش کرتے ہیں کہ اس وسیلہ کی معلومات ممکنہ حد تک تازہ ترین اور بالکل درست ہوں، مگر بسا اوقات غلطیاں ہو ہی جاتی ہیں۔ ای ایس اے (ESA) صرف کم از کم معیارات فراہم کرتا ہے۔ بعض ملازمین کو ملازمتی معاہدے، اجتماعی معاہدے، عمومی قانون یا دیگر قانون کے تحت وسیع تر حقوق حاصل ہو سکتے ہیں۔ آجرین اور ملازمین قانونی مشورہ حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ معلوماتی پرچہ ملازمت کے معیارات سے متعلق قانون، 2000 (ای ایس اے) (Employment Standards Act, 2000) (ESA) کے تحت اونٹاریو میں بر سر ملازمت ایک غیر ملکی شہری کے بطور آپ کے حقوق کا خلاصہ بیان کرتا ہے۔ ای ایس اے (ESA) ایک قانون ہے جو اونٹاریو کے بیشتر جائے کار میں اقل معیارات، جیسے اقل اجرت اور کام کرنے کے گھنٹوں پر حدود متعین کرتا ہے۔ خصوصی اصول اور استثناء کا اطلاق بعض ملازمین پر ہوتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے Ontario.ca/ESAguide ملاحظہ کریں۔

آپ کے آجر سے آپ کے ملازم بن جانے کی تاریخ سے 30 دنوں کے اندر ملازمتی معیارات کے پوسٹر کی کاپی آپ کو فراہم کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ آپ ترجمہ شدہ ورژن کی درخواست کر سکتے ہیں اور اگر یہ وزارت محنت سے دستیاب ہو تو آپ کے آجر کو انگریزی کاپی کے علاوہ اسے فراہم کرنا ضروری ہے۔ پوسٹر Ontario.ca/ESAposter پر دستیاب ہے۔

کام پر ملازمت کے معیارات سے متعلق میرے حقوق کیا ہیں؟

اجرتوں کی مستقل ادائیگی اور اجرت کے گوشوارے

آپ کو مستقل ادائیگی والے دن ادائیگی ہونا اور اجرت کا گوشوارہ موصول ہونا ضروری ہے۔

کام کے گھنٹوں پر حدود اور کھانے کے وقفے

عام طور پر، آپ سے ایک دن میں 8 گھنٹے یا آپ کے مستقل یومیہ کام کے شیڈول (اگر 8 گھنٹے سے زیادہ ہو) اور ایک ہفتے میں 48 گھنٹے سے زیادہ کام کرنے کا مطالبہ نہیں کیا جا سکتا ہے۔ زیادہ تر ملازمین کم از کم ہر روز لگاتار 11 گھنٹے کام سے چھٹی اور ہر ہفتے لگاتار 24 گھنٹے کام سے چھٹی یا ہر 2 ہفتے کی مدت میں لگاتار 48 گھنٹے کام سے چھٹی کے مستحق ہیں۔ آپ زیادہ

Ontario

گھنٹے کام کر سکتے ہیں اگر آپ الیکٹرانک طریقے کے بشمول تحریری شکل میں، ایسا کرنے پر متفق ہوں اور بعض شرائط پوری کرتے ہوں۔ آپ کھانے کے 30 منٹ کے وقفے کے بغیر لگاتار 5 گھنٹے سے زیادہ کام نہیں کر سکتے ہیں۔

اوور ٹائم کی ادائیگی

بیشتر نوکریوں کے لیے، ہفتے میں 44 گھنٹے کے کام کے بعد اوور ٹائم قابل ادائیگی ہے۔ اوور ٹائم کی شرح آپ کی مستقل ادائیگی کی شرح کا کم از کم 1½ گنا ہونا چاہیے۔ آپ اوور ٹائم، نیز کام کرنے کے گھنٹوں پر عائد حدود اور کھانے کے وقفوں کے بارے میں Ontario.ca/hoursofwork پر مزید جان سکتے ہیں۔

اقل اجرت

بیشتر ملازمین کم از کم اقل اجرت کی ادائیگی کیے جانے کے مستحق ہیں۔ آپ بالکل تازہ ترین شرحیں Ontario.ca/minimumwage پر تلاش کر سکتے ہیں۔

تعطیل مع ادائیگی

پانچ سال سے کم کی ملازمت والے بیشتر ملازمین کو ہر 12 مہینے کے بعد کم از کم دو ہفتے کی تعطیل کا وقت ملتا ہے اور اس کی ادائیگی تعطیل کی ادائیگی کے بطور انہیں حاصل شدہ کل اجرتوں کے کم از چار فیصد کی شرح سے کی جانی ضروری ہے۔ پانچ سال یا اس سے زیادہ کی ملازمت والے بیشتر ملازمین کو ہر 12 مہینے کے بعد کم از کم تین ہفتے کی تعطیل کا وقت ملتا ہے اور اس کی ادائیگی تعطیل کی ادائیگی کے بطور انہیں حاصل شدہ کل اجرتوں کے کم از کم چھ فیصد کی شرح سے کی جانی ضروری ہے۔

سرکاری تعطیلات اور سرکاری تعطیلات کی ادائیگی

اونٹاریو میں ہر سال نو سرکاری تعطیلات ہیں۔ بیشتر ملازمین ان دنوں میں کام سے چھٹی لینے اور سرکاری تعطیل کی ادائیگی کے لحاظ سے ادائیگی کیے جانے کے مستحق ہیں۔ سرکاری تعطیلات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے Ontario.ca/publicholidays ملاحظہ کریں۔

غیر حاضری کی چھٹیاں

نوکری کے ذریعہ تحفظ یافتہ کئی ایک غیر حاضری کی چھٹیاں ہیں جن میں استقرار حمل، والدانہ، کنبہ جاتی نگراں اور ذاتی ہنگامی چھٹی شامل ہے۔ اہل ملازمین کو نوکری کے ذریعہ تحفظ یافتہ غیر حاضری کی چھٹی لینے کا حق ہے چاہے آپ کل وقتی، جز وقتی، مستقل یا معاہدہ بند ملازم ہوں۔ غیر حاضری کی چھٹیوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے Ontario.ca/ESAguide ملاحظہ کریں۔

معطلی کی نوٹس اور/یا نوٹس کے بجائے ادائیگی (اگر کم از کم تین مہینے سے بر سر ملازمت ہوں)

اگر آپ کم از کم تین مہینوں سے بر سر ملازمت ہیں تو عام طور پر آپ کو ایسی صورت میں ملازمت کے خاتمے کی نوٹس پانے کا حق ہے، اگر آپ کا آجر آپ کی ملازمت کا رشتہ ختم (معطل) کرتا ہے۔ آپ کو کام پر رہتے ہوئے نوٹس، یا ورکنگ نوٹس کے بجائے ادائیگی، یا دونوں دیا جا سکتا ہے۔ عام طور پر، کم از کم نوٹس جو آپ کو لازمی طور پر ملنی چاہیے، وہ ایک ہفتہ (اگر آپ کم از کم تین مہینوں لیکن ایک سال سے کم عرصے سے ملازمت پر ہیں) سے آٹھ ہفتے (اگر آپ آٹھ سالوں یا زیادہ عرصے سے ملازمت پر ہیں) تک کی ہے۔ یہ پتہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ معطلی کے نوٹس یا ادائیگی کے مستحق ہو سکتے ہیں، Ontario.ca/ESAtools پر دستیاب معطلی کا ٹول آزمائیں۔

اسائنمنٹ کی معطلی کی نوٹس/یا نوٹس کے بجائے ادائیگی (عارضی امدادی ایجنسی کے اسائنمنٹ والے ملازمین پر لاگو ہوتی ہے)

اسائنمنٹ کی معطلی ملازمت کی معطلی سے مختلف ہوتی ہے، اور ایسا اس صورت میں پیش آتا ہے جب اسائنمنٹ والے ملازم نے کلائنٹ کے ساتھ اپنے اسائنمنٹ کو معطل کر دیا ہو، مگر وہ اب بھی عارضی امدادی ایجنسی کے یہاں بر سر ملازمت ہو۔

عام طور پر، عارضی امدادی ایجنسی سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ کسی اسائنمنٹ والے ملازم کو **یا تو اسائنمنٹ کی معطلی کی ایک ہفتے کی تحریری نوٹس، اسائنمنٹ کی معطلی کی ادائیگی، یا دونوں ہی فراہم کرے، اگر:**

1. اسائنمنٹ والے ملازم کو کلائنٹ کے لیے کام انجام دینا تفویض کیا گیا ہے؛
2. ملازم کو اسائنمنٹ کی پیشکش کیے جانے کے وقت اس کی تخمینی میعاد تین مہینے یا اس سے زائد تھی؛ اور
3. میعاد ختم ہونے سے پہلے ہی اسائنمنٹ ختم ہو جاتا ہے۔

اسائنمنٹ کی معطلی کی بابت مزید معلومات کے لیے، براہ کرم *ملازمت کے معیارات سے متعلق قانون کے لیے آپ کا رہنما، 2000* *(Your Guide to the Employment Standards Act, 2000)* میں "عارضی امدادی ایجنسیاں" والا باب دیکھیں جو Ontario.ca/ESAguide پر دستیاب ہے۔

ESA کے اپنے حقوق کے بارے میں پوچھنے یا انہیں بروئے کار لانے پر آپ کو سزا نہیں دی جا سکتی ہے

اگر آپ ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں پوچھتے ہیں یا یہ کہتے ہیں کہ آپ کو آپ کے حقوق دیئے جائیں تو، آپ کا آجر کسی بھی طرح سے، بشمول آپ کا ملازمتی رشتہ ختم کرکے آپ کو سزا نہیں دے سکتا۔ آپ کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ ای ایس اے (ESA) کے اپنے حقوق کے بارے میں پوچھنے یا انہیں بروئے کار لانے پر آپ کے آجر کے ذریعہ آپ کو سزا نہ دی جائے۔

اگر آپ غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق قانون، 2009 کے تحت احاطہ کردہ غیر ملکی شہری ہیں

غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق قانون 2009 (ای ایف پی این اے) (Employment Protection for Foreign Nationals Act, 2009) (EPFNA) کے تحت محیط غیر ملکی شہری اس دستاویزت کے ساتھ ای ایف پی این اے (EPFNA) کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں ایک معلوماتی پرچہ حاصل کرنے کا مستحق ہے۔ اگر آپ کی پہلی زبان انگریزی نہیں ہے تو آپ کے آجر یا بحال کنندہ کو یہ پتہ کرنا ضروری ہے کہ آیا معلوماتی پرچہ آپ کی پہلی زبان میں دستیاب ہے اور، اگر ہے تو، آپ کو ترجمہ شدہ ورژن فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم Ontario.ca/EPFNA ملاحظہ کریں۔

اگر آپ کا کوئی سوال ہے یا آپ دعوی دائر کرنا چاہتے ہیں

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم Ontario.ca/employmentstandards ملاحظہ کریں یا ملازمتی معیارات کے مرکز اطلاعات (Employment Standards Information Centre) کو 7160-326 (416) (ٹول فری 5551-531-800-1) یا سماعت کے معذورین کے لیے TTY 1-866-567-8893 پر کال کریں۔ معلومات متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

اگر آپ کو یقین ہے کہ ای ایس اے (ESA) کے تحت آپ کے حقوق آپ کو نہیں ملے ہیں اور آپ دعوی دائر کرنا چاہتے ہیں تو آپ Ontario.ca/ESAforms پر آن لائن امپلائمنٹ اسٹینڈرڈز کلیم فارم (Employment Standards Claim Form) تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ **براہ کرم نوٹ کر لیں کہ ای ایس اے (ESA) اور ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت دعوے دائر کرنے کے لیے علیحدہ فارم استعمال کیے جاتے ہیں۔**